5- تین سے پانچ انتخابات شامل کریں تاکہ معلومات کی بہتر تخمین ممکن ہو اور تکا لگانے کے رجحان میں کمی واقع ہو۔ صرف ہر سوال کے لیے متبادل جوابات کی تعداد یکساں رکھنے کے لیے اضافی جوابات درج کرنا ضروری نہیں۔ اس سے ناقص انتخابات کی شمولیت کا احتمال ہوتا ہے جو ٹیسٹ کی موزونیت اور اعتباریت کے لیے کسی طرح بھی فائدہ مند نہیں۔

Elmas Ali

6- کثیر الانتخابی سوالات میں پیچیدگی کا معیار بڑھانے کے لیے انتخاب میں مماثلت پیدا کریں۔

7- ''ان میں سے کوئی نہیں'' جیسے انتخابات کے استعمال میں احتیاط کریں اور صرف ایسی صورت میں استعمال کریں جب اسے واضح طور پر غلط یا درست جواب کے طور پر شناخت کیا جا سکے۔

8- ''دیئے گئے تمام انتخاب'' ایسے جملوں کو انتخاب کے طور پر استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔ یہ عام طور پر صحیح جوابات ہوتے ہیں اور جزوی طور پر معلومات فراہم کرتے ہوئے سوال کو نہایت آسان بنا دیتے ہیں۔

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اُردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 5: معروضی اور موضوعی ٹیسٹ آئٹمز کا موازنہ کریں۔

موضوعی ٹیسٹ	معروضی ٹیسٹ
1- موضوعی ٹیسٹ میں سوالات یا آئٹمز کی تعداد بہت کم ہوتی ہے عموماً موضوعی پرچے میں 8 سے 10 سوال رکھے جاتے ہیں۔	1- معروضی ٹیسٹ میں سوالات یا آئٹمز کی تعداد زیادہ ہوتی ہے، یہ تعداد 50 اور 100 تک بھی ہوتی ہے۔
2- موضوعی ٹیسٹ میں جواب طویل اور جامع لکھنا پڑتے ہیں۔	2- معروضی ٹیسٹ میں جواب بہت مختصر ہوتا ہے جو کہ ایک یا دو لفظ یا ایک جملے کا ہو سکتا ہے۔
3- موضوعی ٹیسٹ میں سوالات عموماً وسیع اور غیر قطعی ہوتے ہیں، ان کا جوابات لکھتے ہوئے متعلم کو پتہ نہیں چلتا کہ اسے کتنا جواب تحریر کرنا ہے۔	3- معروضی ٹیسٹ کے سوالات بڑے محدود اور قطعی ہوتے ہیں۔
4- موضوعی ٹیسٹ میں متعلم کے شخصی عوامل جیسا کہ تعصب، برداشت وغیرہ کا سکورنگ پر اثر ہوتا ہے۔	4- معروضی ٹیسٹ کی سکورنگ میں کافی حد تک معروضیت پائی جاتی ہے، کسی قسم کے تعصب کا امکان نہیں رہتا۔
5- موضوعی ٹیسٹ میں جواب جزوی طور پر درست یا غلط ہو سکتا ہے۔	5- معروضی ٹیسٹ میں ایسا کچھ نہیں ہوتا بلکہ جواب درست ہوگا یا پھر غلط، درمیان شکل نہیں ہوتی۔
6- موضوعی ٹیسٹ میں سوال کہیں سے بھی لے لئے جاتے ہیں پورے کورس کا احاطہ نہیں ہوتا۔ بعض ابواب اور سوالات تو بالکل ہی نظر انداز ہو جاتے ہیں۔	6- موضوعی ٹیسٹ میں جامع سوالات کو شامل کر کے مکمل کورس کا احاطہ کیا جا سکتا ہے۔
7- موضوعی ٹیسٹ میں جوابات لکھتے ہوئے متعلم کا کافی وقت صرف ہوتا ہے۔	7- معروضی ٹیسٹ میں متعلم کو زیادہ دیر نہیں لگتی۔
8- موضوعی ٹیسٹ میں اظہار پر زیادہ توجہ ہوتی ہے متعلم تو شاید ہی سوال پر غور و فکر کرتا ہے۔	8- معروضی ٹیسٹ سوال پر سوچ و بچار کی ترغیب دیتا ہے۔
9- زبان و بیان پر عبور رکھنے والے متعلم کے لیے موضوعی ٹیسٹ سہل ہوتا ہے۔	9- ذہنی طور پر ہوشیار متعلم معروضی ٹیسٹ میں بہتر پرفامنس کا مظاہر کرتے ہیں۔
10- موضوعی ٹیسٹ کے لیے سوالات تیار کرنے میں کم وقت صرف ہوتا ہے۔	10- معروضی ٹیسٹ میں کافی زیادہ وقت لگ جاتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

11- موضوعی ٹیسٹ کی تیاری میں متعلمین زیادہ سہولت محسوس کرتے ہیں کیونکہ وہ کورس کے کئی حصے چھوڑ بھی دیں تو ان کی تیاری ہو جاتی ہے۔	11- معروضی ٹیسٹ کی تیاری کے لیے متعلمین کو پورا کورس پڑھنا پڑتا ہے تاکہ تصورات واضح ہو سکیں۔
12- موضوعی ٹیسٹ مضمون کے علم اور اس کی ترکیب کے حوالے سے صلاحیتوں کو جانچنے کے لیے انتہائی مناسب ہے۔	12- معروضی ٹیسٹ میں مضمون کے علم اور اس کی ترکیب کا تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔
13- موضوعی ٹیسٹ میں "تکا" لگنے کا امکان نہیں ہوتا کیونکہ انہیں خود سے جواب تیار کر کے پیش کرنا ہوتا ہے۔	13- معروضی ٹیسٹ کی صورت میں متعلمین [illegible] سے تیار کر لیتے ہیں اور تکے لگانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔
14- موضوعی ٹیسٹ کے تجزیے میں کافی وقت صرف ہو جاتا ہے۔	14- مختصر جوابات کے ٹیسٹ میں کم وقت لگتا ہے۔
15- موضوعی ٹیسٹ کی صورت میں پرچوں کی اشاعت پر کم لاگت آتی ہے۔	15- معروضی ٹیسٹ کے سوال چونکہ کافی زیادہ ہوتے ہیں لہٰذا ان کی اشاعت پر زیادہ پیسے خرچ ہو جاتے ہیں۔
16- موضوعی ٹیسٹ میں جوابی کاپیوں کے لیے بھی رقم خرچ کرنا پڑتی ہے کیونکہ اس ٹیسٹ میں جوابات طویل ہوتے ہیں اور ان کے لیے الگ جوابی کاپی درکار ہوتی ہے۔	16- موضوعی ٹیسٹ کے جوابات سوالنامے پر ہی موجود خالی جگہوں میں دیے جا سکتے ہیں اور اس طرح جوابی کاپیوں کا خرچہ بچ جاتا ہے۔
17- موضوعی ٹیسٹ میں نقل کے ذرائع کا استعمال کم ہو جاتا ہے کیونکہ پورے کا پورا جواب نقل کر کے نہیں لکھا جا سکتا ہے۔	17- معروضی ٹیسٹ میں نقل کے امکانات زیادہ ہو جاتے ہیں۔

Elmas Ali

معروضی اور موضوعی ٹیسٹ آئٹم کا موازنہ

موضوعی ٹیسٹ آئٹمز	معروضی ٹیسٹ آئٹمز
1- موضوعی ٹیسٹ آئٹمز کی عبارت ایسی ہوتی ہے جس میں مخصوص جوابات کی جانب نشاندہی نہیں ہوتی بلکہ جواب کو بڑی تفصیل سے واضح کرنا پڑتا ہے۔	2- معروضی ٹیسٹ کی عبارت بڑی واضح اور جامع ہوتی جس کا جواب ایک لفظ یا جملے کی صورت میں دیا جا سکتا ہے۔

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-2 نارمن ای گوڈ مین (Norman E. Godman) نے موضوعی سوالات کی دو اقسام بیان کی ہے جو کہ طویل اور محدود جواب کے حوالے سے ہیں۔	-2 معروضی ٹیسٹ کی بنیادی طور پر دو اقسام پائی جاتی ہیں الف: پہلی قسم میں دو آپشنز میں سے کسی کا انتخاب کرنا ہوتا ہے ب: دوسری قسم میں انتخاب کے لیے دو سے زیادہ آپشنز دستیاب ہوتے ہیں۔ -i غلط اور درست کا ٹیسٹ -ii تکمیلی انداز کا ٹیسٹ (جب ہر خالی جگہ کے لیے قابل انتخاب آپشنز موجود ہوں۔) دوسری قسم کی مزید ذیلی اقسام درج ذیل ہیں: -i متعدد قابل انتخاب آپشنز کا ٹیسٹ -ii اکٹھا کرنے والے آپشنز کا ٹیسٹ -iii تکمیلی انداز کا ٹیسٹ (جب ایک پیرے میں ایک سے زیادہ خالی جگہیں موجود ہوں اور قابل انتخاب ممکنہ جوابات آخر میں ایک جگہ یکجا کیے گئے ہوں)
-3 موضوعی ٹیسٹ کے آئٹمز پر عموماً پر واضح، تشریح کریں، تفصیل سے بتائیں اور دیگر اس طرح کے الفاظ شامل کیے جاتے ہیں۔	-3 معروضی ٹیسٹ میں وضاحت، تفصیل یا تشریح نہیں مانگی جاتی

Almas Ali

ب: اعلیٰ سطح کی تعلیم کے لیے مناسب آزمائشوں کا طریقہ:

متعلم کی سرگرمیوں کو تین حلقوں یعنی علمی، احساسی اور مہارتی حلقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ علمی حلقے کا تعلق ذہنی استعداد (Intellectual ability) سے ہے۔ جب کہ احساسی حلقہ اور جذباتی کیفیات اور رویوں جیسا کہ رجحان، دلچسپی، اقدار وغیرہ سے ہوتا ہے مہارتی حلقہ کا تعلق ذہنی اور دستی مہارتوں سے ہوتا ہے۔

علمی حلقہ مختلف درجات پر مبنی ہوتا ہے۔ بی ایس بلوم (B.S.Bloom) کی تجویز کردہ علمی حلقے کی درجہ بندی معتبر تسلیم کی جاتی ہے۔ جس کے مطابق حلقہ (Cognitive Domain) کو مندرجہ ذیل چھے درجات میں تقسیم کیا گیا ہے۔

-1 یادداشت	(Recall)
-2 فہم	(Comprehension)
-3 اطلاق	(Application)
-4 جائزہ	(Analysis)
-5 تالیف یا ترکیب	(Synthesis)
-6 جائزہ	(Evaluation)

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

علمی حلقہ کا ہر ایک درجہ مخصوص ذہنی صلاحیت کی نشان دہی کرتا ہے۔ متعلم درجہ بدرجہ صلاحیتوں کے زینے عبور کرتا ہے۔ عموماً ثانوی سطح کے طالب علم یادداشت اور فہم کے درجے میں شمار ہوتے ہیں۔ لہٰذا سکنڈری لیول کے متعلمین کی آزمائشوں کا انحصار بھی زیادہ تر یادداشت اور فہم پر مشتمل سوالات پر ہوتا ہے۔ اس کے بعد اعلیٰ سطح کی تعلیم کے لیے آزمائشوں کا انتخاب کرتے ہوئے علمی حلقے کے باقی چاروں درجات یعنی اطلاق، تجزیہ، ترتیب اور جائزہ پر مبنی ہوتے ہیں اور اعلیٰ سطح کی تعلیم کے لیے آزمائشوں کی تیاری میں بھی انہی درجات کے بارے میں سوالات کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 65 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

یونٹ 6

تخمینی آلات کی جوازیت
(Validity of Assessment Tools)

سوال 1: جواز سے کیا مراد ہے؟ نیز جواز کی اقسام بیان کریں۔

Q1. What is meant by Validity? Also describe the types of Validity.

یا

موزونیت کی تعریف کریں۔ اس پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کریں۔ (خزاں 2016ء)

Define validity. Describe the factors affecting validity.

جواب: جواز (Validity):

آزمائش کے بیان میں اکثر معتبریت کے ساتھ جواز کا بھی ذکر آتا ہے۔ ماہرین کے خیال کے مطابق کسی امتحان کی اہم ترین خصوصیات اس کا جواز (Validity) ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ آزمائش کا جس مقصد کے لیے تعین کیا گیا ہے وہ اسے بخوبی مکمل کرتا ہو۔

جواز کی تعریف (Definition of Validity):

"کوئی بھی آزمائش اس وقت باجواز کہلائے گی جب فرد اس چیز کی پیائش کرتا ہو جس کی پیائش کرنے سے حق ہو۔"

"A test is said to be valid if it measures what it claims (purports) to measure."

یہ تعریف واضح کرتی ہے کہ آزمائش جس مقصد کے لیے بنائی گئی ہو وہ اسے بہتر طریقے سے مکمل کرتی ہے۔ بعض اوقات آزمائشوں کے نام سے ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ کس شے کی پیائش کرتی ہیں اور ان کا مقصد کیا ہے۔ اس لحاظ سے آزمائش کا نام ایک ایسی علامت کا کام سرانجام دیتا ہے۔ جس میں اس کی نوعیت اور اہمیت کا اندازہ ہو جاتا ہے اور بآسانی واضح ہو جاتا ہے کہ امتحان سے کیا فوائد حاصل ہوں گے۔

☆ جواز کی آزمائش کا تعین (Test of Measure Validity):

جواز ایک معیار ہوتا ہے جس کا تعلق بیرونی کسوٹی سے ہوتا ہے۔ اس کی معاونت سے کسی آزمائش کے متعلق یقینی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس قسم کے مقصد کو مکمل کرتی ہے۔ اس کی مثال گھریلو فیتہ بنانے کی طرح ہی ہے اگر گھر میں فیتہ بنایا جائے اور وہ معیاری گز کے مطابق درست ناپ سکتا ہو تو یہ فیتہ باجواز کہلائے گا۔ اسی طرح کوئی آزمائش اس وقت

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 66 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

جواز کہلائے گی جب اس کی معاونت سے کسی عمل کو جانچنے میں وہی رزلٹ سامنے آئے جو اس عمل کو اس آزمائش کے علاوہ کسی دوسرے طریقے سے خودمختارانہ طور پر جانچنے سے حاصل ہوتا ہے۔

جواز کی اقسام (Types of Validity):

جب کوئی آزمائش مکمل طور پر درست ثابت ہو جائے اور اسے مختلف حالات میں بار بار منعقد کرنے سے یکساں نتائج حاصل ہوں تو ایسی آزمائش باوثوق آزمائش ہو جاتی ہے۔ کوئی بھی آزمائش خواہ وہ کتنی ہی باوثوق ہو سکتا ہے کہ وہ آزمائش قابل قدر قسم کی پیمائش کرتی ہو اور کسی دوسرے ٹیسٹ کے نمبرز سے تعلق نہ رکھتی ہو۔

جواز کی چند اقسام درج ذیل ہیں۔

(Content Validity)	متنی جواز
(Construct Validity)	1- تصوراتی جواز
(Criterion Validity)	2- معیاری جواز
(Concurrent Validity)	3- متصل جواز
(Predictive Validity)	4- پیشین گوئی جواز
(Face Validity)	5- صوری جواز
(Curriculum Validity)	6- نصابی جواز
(Differential Validity)	7- تفرقی جواز
(Emperical Validity)	8- تجرباتی جواز
(Factorial Validity)	9- عواملی جواز

Elmas Ali

1- متنی جواز (Content Validity):

متنی جواز سے مراد جس مضمون کے کسی مخصوص حصے کے لیے آزمائش کی جانچ کرنی ہو۔ اس میں اس مضمون سے متعلقہ تمام سوالات مکمل طور پر موجود ہوں۔ مثال کے طور پر کوئی آزمائش کسی خاص جماعت میں حساب کی جانچ کے لیے بنائی گئی ہو تو اس میں تمام سوالات لازمی طور پر حساب سے ہی متعلق ہوں اور حساب کے جس حصے میں متعلمین کی اہلیت کی جانچ ضروری ہو اس پر مکمل طور پر حاوی ہوں۔ دیگر الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ متنی جواز میں آزمائش کے متن پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ آزمائش جس مضمون کی بنائی گئی ہے۔ سوالات بھی لازمی طور پر اس سے متعلق ہوں۔ اگر نصاب کا کوئی حصہ آزمائش میں شامل نہ کیا جائے تو اس آزمائش کے نتائج اسی نسبت سے کم ہوں گے۔ آزمائش کی جواز کے لیے درج ذیل باتوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

1- نفس مضمون کے تمام اہم موضوع اور ان سے متعلقہ کرداری تبدیلیوں کی فہرست بنا لی جائے تاکہ آزمائش کی معاونت سے ان کی پیمائش کی جا سکے۔

2- اہمیت کے لحاظ سے اس فہرست میں شامل تمام موضوع یکساں نہیں ہوتے۔ جس عنوان کی اہمیت زیادہ ہے۔ اس

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 67 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

پر سوالات زیادہ ہوں گے اور جس کی اہمیت کم ہے اس پر سوالات بھی کم ہوں گے۔

3۔ اس فہرست کو تفریحی جدول میں تبدیل کرنے سے معلم کا کام آسان ہو جاتا ہے۔ اسے معلوم ہوتا ہے کہ فلاں موضوع پر اس نے کتنے سوال بنانے ہیں، کس حصے کی جانب زیادہ توجہ دینی ہے اور کس حصے کی جانب کم توجہ دینی ہے۔

موضوع	کرداری تبدیلیاں جن پر سوالات کی تیاری کی جاتی ہے		
	تصورات کا علم	تصورات کا استعمال	میزان
1۔ نباتات	10	5	15
2۔ حیوانات	10	5	15
3۔ موسم	15	15	30
4۔ زمین	5	10	15
5۔ فلکیات	10	15	25
میزان	50	50	100

اس ٹیبل کا معانی یہ ہے کہ اگر کوئی معلم معروضی آزمائش کے سوالات بنانے ہیں تو وہ جنرل سائنس کے مختلف موضوعات کا جائزہ لینے کے بعد سوالات کی تقسیم کرتا ہے۔ مثال کے طور پر نباتات کے تصورات پر 10 سوالات ہوں گے اور ان سوالات کو بروئے کار لانے کی اہلیت پر 5 سوال ہوں گے۔ اس طرح نباتات کے متعلق ٹوٹل 15 سوالات، حیوانات کے متعلق بھی 15 سوالات، موسم کے متعلق 30 سوالات، زمین کے متعلق 15 سوالات اور فلکیات کے متعلق 25 سوالات۔ اس طرح ٹوٹل 100 سوالات ہوں گے۔ ایسا ٹیبل معلم کی رہنمائی کے لیے نہایت اہم ہے۔ اس کے سوالات تمام قسم کے موضوعات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے جواز کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔ کوئی اور معلم سوالات پر سرسری نظر ڈال کر پتہ لگا سکتا ہے کہ آزمائش جواز کے معیار کو برقرار رکھنے میں کس حد تک کامیاب رہی ہے۔ اس لیے بعض اوقات جواز کی اس قسم کو وجہی جواز (Face Validity) بھی کہا جاتا ہے۔

تجرباتی جواز کی درج ذیل تین اقسام ہیں۔

1۔ متماثل جواز (Congruent Validity)

2۔ پیش گوئی جواز (Predictive Validity)

3۔ ہم عصر جواز (Concurrent Validity)

Elmas Ali

ان تینوں اقسام کی جواز کو ثابت کرنے کے لیے معیار کا ہونا ضروری ہے۔ اس معیار کا بذاتِ خود مؤثر، قابل بھروسہ، بامقصد اور قابل حاصل ہونا لازمی ہے۔

2۔ تصوراتی جواز (Construct Validity):

تصوراتی لفظ اصطلاح کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے مراد انسان کی وہ خوبی یا خاصیت ہوتی ہے جس

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سرمایہ انقلاب

کے اس کے کسی طرز عمل کی نشاندہی ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ذہانت، تخلیقی صلاحیت اور قوت استدلال وغیرہ۔

انسانی کردار کا مشاہدہ کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ بعض عملیات کے ایسے گروہ ہوتے ہیں جن میں شامل عملیات کا آپس میں گہرا تعلق ہوتا ہے۔ ایسے عملیات کسی بنیادی خصوصیت کے تابع نظر آتے ہیں۔ یہ خصوصیت ان عملیات کی منتظم ہوتی ہے یا ان کو توانائی فراہم کرتی ہے کیونکہ یہ عمل سب مخفی ہوتا ہے۔ اس لیے ہم اس کو دیکھ نہیں سکتے۔ تاہم اس کے اثرات کی بنیاد پر ہم اس کے وجود کو تسلیم کرتے ہیں۔ ایسے خصائص کو سائنس دانوں نے نظریاتی تصورات کا نام دیا ہے۔ ان کی ایک مثال ذہانت ہے۔ مثال کے طور پر ایک بچہ دوسرے بچے کے مقابلے میں ایک بڑا ذخیرہ الفاظ رکھتا ہے۔ الفاظ کا زیادہ اچھا استعمال کر سکتا ہے۔ اعداد پر جو مختلف عملیات کیے جا سکتے ہیں، جانتا ہے اور یہ کام تیزی سے کرتا ہے۔ ان سب عملیات کے پیچھے ایک مخفی خصوصیت کارفرما ہے۔ جس کو ماہر نفسیات ذہانت کا نام دیتے ہیں۔ ہر نظریاتی تصور کی وضاحت کے لیے ایک نظریہ ہوتا ہے۔ جسے نامولاجیکل نٹ (Nomological Net) کہتے ہیں۔

تصوراتی جواز کی (صحت) ثابت کرنے کے لیے آزمائش کی معاونت سے نامولاجیکل نٹ (Nomological Net) کی پڑتال کی جاتی ہے اور اسے فرضیات کی شکل میں واضح کیا جاتا ہے۔ ان فرضیات کی عملی طور پر پڑتال کی جاتی ہے۔ اگر شہادت حق میں بدل جائے تو فرضیات کو تسلیم کر لیا جاتا ہے ورنہ ان کو ترک کر دیا جاتا ہے۔ اگر شواہد فرضیات کی حق میں مل جائیں تو کہتے ہیں آزمائش تصوراتی جواز کے لحاظ سے قابل قبول ہے۔

جواز (صحت) کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ:

1- جواز کا تعلق آزمائش کے نتائج کی تشریح کے ساتھ ہے نہ کہ آزمائش کے ساتھ۔
2- جواز کو شواہد کی مدد سے اخذ کیا جا سکتا ہے اسے ماپا نہیں جا سکتا۔
3- جواز (صحت) منتخب شدہ مقصد کے مطابق ہوتا ہے یعنی اگر انتخاب مقصد ہے تو جواز اس کے مطابق دیکھا جائے گا۔ اگر تعلیم کی پیمائش مقصد ہے تو جواز کا طریقہ الگ ہوگا۔
4- جواز کا اظہار درجے سے ہوتا ہے یعنی زیادہ، درمیانہ یا کم۔

Elmas Ali

تشکل سے ایسا نفسیاتی وصف مراد ہے جس کی موجودگی سے کردار کے کسی پہلو کی وضاحت میں معاونت ملتی ہے۔ مثلاً استدلال کی قابلیت ایک تشکل ہے۔ ذہانت، سائنسی فکر، تنقیدی رویہ، حسابی میلان، خواندگی کا ادراک وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔ ہر تشکل کسی تصور پر مشتمل ہوتا ہے۔ جیسے کسی کے کردار کی تشریح اور اس کے بارے میں پیش گوئی کرنے کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے مثلاً جب کسی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ بہت ہی ذہین ہے تو ہمارے پیش نظر خاص قسم کی فعالیت ہوتی ہے جس کی بناء پر اسے ذہین کہا جاتا ہے۔

صحت (جواز) تشکل سے مراد کسی آزمائش پر کسی کارکردگی کی تشریح کسی نفسیاتی تشکل کی معاونت سے کہاں تک کی جا سکتی ہے۔

اس جواز کے تعین کا طریقہ کار:

1- کسی آزمائش پر کارکردگی متاثر کرنے والے تشکل کی علیحدگی۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 69 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

2۔ تشکل کے نظریے سے آزمائش کی کارکردگی سے متعلقہ فرضیے بنانا۔
3۔ منطقی اور تجربی طریقوں سے ان فریضوں کی تصدیق کرنا۔

☆ فرض کریں کہ ہم کسی نئی تیار شدہ ذہنی آزمائش کی تصدیق چاہتے ہیں تو ذہانت کے تصور کے پیش نظر مندرجہ ذیل بیانات دیے جاسکتے ہیں۔

1۔ ذہانت چونکہ عمر کے ساتھ زیادہ ہوتی ہے اس لیے عمر میں اضافے کے ساتھ آزمائش سے حاصل کردہ نمبرز بھی بڑھتے جائیں گے۔
2۔ آزمائش نتائج سے تعلیمی قابلیت کی پیائش کی پیش گوئی ممکن ہوگی۔
3۔ آزمائش کے نتائج اور متعلمین کی ذہانت کے بارے میں اساتذہ کی رائے میں مثبت تعلق موجود ہوگا۔
4۔ اس آزمائش کے نتائج طلبہ کے ''ذہین'' کہلانے والے گروپ اور ''غبی'' کہلانے والے گروپ میں فرق کرنے کے قابل ہوں گے۔
5۔ اس آزمائش کے نتائج دوسری آزمائشوں کے نتائج سے مثبت طور پر مرتب ہوں گے۔
6۔ اس آزمائش کے نتائج تدریس کے براہ راست اثرات سے بے نیاز ہوں گے۔

اگر تحقیق سے یہ واضح ہو کہ اس آزمائش کے متعلقہ یہ تمام پیش گوئیاں صحیح ثابت ہوئی ہیں تو اس آزمائش کا یہ دعویٰ کہ وہ ذہانت کی پیائش کرتی ہے کو تسلیم کرلیا جائے گا۔

Elmas Aziz

3۔معیاری جواز (Criterion Validity):

معیاری جواز ایک ایسا معیار ہے جس کا تعلق کسی بیرونی کسوٹی سے ہوتا ہے۔اس کی معاونت سے آزمائش کے متعلق یقینی طور پر پتہ لگ جاتا ہے کہ وہ کس طرح کے مقصد کو مکمل کرتا ہے۔جواز سے مراد پیائش آلہ کی وہ خوبی ہوتی ہے جس کی بنیاد پر آلہ جس مقصد کے لیے بنایا گیا ہے وہ مقصد پورا کرے یعنی اگر ایک آزمائش جماعت ہم کے متعلمین کی ریاضی کی پیائش کے لیے بنائی گئی ہو تو وہ حسابی اکتساب کی پیائش کرے اور اگر آزمائش ذہانت کی پیائش کے لیے ہے تو وہ ذہانت کی پیائش کرے اور اگر کوئی آزمائش رجحان کی پیائش کے لیے بنائی گئی ہے تو وہ یہ کام سرانجام دے سکے۔اگر کسی آزمائش کا مقصد شخصیت کے کسی پہلو کی پیائش ہے مثلاً رویہ، دلچسپی وغیرہ تو وہ آزمائش یہ مقصد پورے کرنے کی اہل ہو۔ آزمائش کی صحت میں مقصد پورا کرنے کی قابلیت کے علاوہ یہ چیز بھی شامل ہے کہ یہ مقصد وہ کس حد تک پورا کرتی ہے۔

4۔متصل جواز (Concurrent Validity):

متصل جواز سے مراد امتحان کے نتیجہ کا فوری طور پر دستیاب کسوٹی سے ارتباط معلوم کیا جائے۔جو امتحان اس طرح کا جواز رکھتے ہیں انہیں اکثر مریضوں کی درجہ بندی، پیشہ ورانہ انتخابات میں افراد کے درمیان فرق کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال: ایک امتحان یا آزمائش ایسی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ اس کی مدد سے ذہنی طور پر پریشان بچوں کی نشاندہی کی جائے۔اس امتحان کی شرح ارتباط اس امتحان کے نتیجہ سے معلوم کی جاسکتی ہے جسے کسی ماہر نفسیات نے انہی بچوں کا امتحان

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 70 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

5- پیش گوئی جواز (Predictive Validity):

رجحان کی پیمائش کے لیے جو آزمائشیں استعمال کی جاتی ہیں ان کا مقصد پیش گوئی ہوتا ہے۔ پیش گوئی جواز کی خصوصیت ہے جس کی بناء پر یہ آزمائش مستقبل کی کارکردگی کی پیش گوئی کرنے کی قابلیت ظاہر کرتا ہے۔ مراد آزمائش کی پیمائش کوئی جواز اور مستقبل کی کارکردگی کے نمبرز کے باہمی ربط سے معلوم کی جاتی ہے۔ اگر دونوں کے درمیان آزمائش کی پیمائش کوئی جواز رجحانی جواز اور مستقبل کی کارکردگی کو معلوم کرنے کے لیے لاہور ثانوی تعلیمی بورڈ میں معلمین کی کارکردگی کو معیار کے طور پر استعمال کیا گیا۔ ایک مقامی سکول کے جماعت دہم کے طلبہ کو سال کے شروع میں گروہی ذہانت کی آزمائش (GIT) دی گئی اور ان کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر حاصل کیے گئے۔ آزمائش میں حاصل کردہ نمبرز اور بورڈ میں حاصل کردہ نمبرز کے نیچے طلبہ کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر معلوم کیا گیا جو کہ 60 سے زیادہ تھا۔ اس سے یہ واضح ہوا کہ GIT گروہی ذہانت کی آزمائش کو بھی جانچنے میں باہمی ربط معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس صورت میں GIT گروہی ذہانت کی آزمائش کو پیش گوئی کہتے ہیں اور بورڈ کے امتحان کو معیاری امتحان کہتے ہیں۔

معیاری آزمائشوں کی صحت (جواز) معلوم کرنے کے لیے اکثر معلوم معیاری آزمائشوں کی صحت (جواز) معلوم کرنے کے لیے پیش گوئی کے طریقے سے کام لیا جاتا ہے۔ اس طریقے سے مستقبل کی کامیابی کی پیش گوئی کی جاسکے۔ مثلاً بعض معیاری آزمائشوں کے پیش نظر صرف یہی مقصد ہوتا ہے کہ

Elmas Ali

توقعی جدول کا خاکہ (معلمین کی تعداد 40)

معیاری آزمائش کے نتائج	سائنس کے امتحان میں سالانہ امتحان کے نتائج 100 میں سے				
110 سے زیادہ، اوسط سے زیادہ	8	6	4	-	-
متوسط 110-95 تک	4	2	4	10	20
اوسط سے کم، 95 سے کم	4	-	2	14	10
میزان	8	8	10	14	40

اس جدول سے نتائج اخذ کرنا مشکل نہیں مثلاً معیاری آزمائش میں 110 سے زیادہ نمبرز حاصل کرنے والے معلمین سالانہ امتحان میں 64 سے زیادہ نمبرز حاصل کر رہے ہیں۔ 65 سے کم نمبر کسی طالب علم کے نہیں۔ معیاری آزمائش جو معلمین متوسط گروپ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے نمبرز بکھرے ہوئے ہیں یعنی سائنس کے امتحان میں زیادہ نمبر حاصل کرنے والے بھی ہیں اور کم نمبر حاصل کرنے والے بھی ہیں لیکن آخری گروپ (اوسط سے کم) میں سے کوئی معلم ایسا نہیں جو 74 سے زیادہ نمبر لے رہا ہو۔ معلمین کی اکثریت 64-45 کے درمیان ہے۔ اس جدول کی معاونت سے ہیڈ ماسٹر معیاری آزمائش کے نتائج کی بناء پر سائنس کے امتحان کے متعلق یہ پیش گوئی کرنے کے قابل ہے کہ ایسے معلمین جو معیاری آزمائش پر زیادہ نمبرز حاصل کرتے ہیں وہ سائنس میں سالانہ امتحان میں زیادہ نمبر حاصل کریں گے جو متوسط

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

سے کم والے گروپ سے تعلق رکھیں گے۔ان کے سائنس میں بھی کم نمبر آئیں گے۔اس سے واضح ہوا کہ معیاری آزمائش کے نتائج پیش گوئی کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔اگر جدول کے خانوں کی تعداد کو فیصد میں واضح کیا جائے تو یہ جدول اور زیادہ مؤثر ہوگا۔

6۔صوری جواز(Face Validity):

اکثر اوقات کسی آزمائش کو دیکھ کر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس آزمائش سے اس بات کی پیائش ہوسکتی ہے کہ جس کی پیائش ہم کرنا چاہتے ہیں یا یہ کہ امتحان یا آزمائش اس بات کی جانچ کرتی ہے جس کا اظہار اس کے نام سے ہوتا ہے۔اس طرح کے سوالات عام طور پر ایک ایسے آدمی کے ذہن میں پیدا ہوتے ہیں جو وثوقیت اور جواز کے متعلق علم نہیں رکھتا۔

بعض اوقات آزمائش بنانے والے فرد کی ذاتی اہلیت اور جس مضمون کا امتحان بنایا گیا ہے اس میں فرد کے عبور کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔جب ہم امتحان کے نام،اس کے مقصد،مصنف کی اہلیت اور مضمون پر اس کے عبور کی بناء پر کسی امتحان کو باجواز قرار دیتے ہیں تو اسے صوتی جواز کہا جاتا ہے۔

Elmas Ali

7۔نصابی جواز(Curriculum Valjdity):

نصابی جواز کا ذکر "کراں بیک"(Cronbach) نے کیا ہے جس میں امتحان کے مافیہ اور حاصل کردہ تدریسی مقاصد کے مابین تعلق پر غور کیا جاتا ہے۔نصاب میں مستقل طور پر ہونے والی تبدیلی کا احساس کر کے آزمائش بنانے والا اپنے امتحان کے نصابی جواز کو قائم رکھنے کے لیے امتحان پر نظرثانی کرتا رہتا ہے۔ایک معیاری امتحان حصول (Achivement Test) جس میں مافیہ جواز(Content Validity) لازمی طور پر ہونا چاہیے۔

8۔تفرقی جواز(Differential Validity):

اس طرح کے جواز میں درجہ بندی کے امتحان اور دو جداگانہ کسوٹی کے مابین جن کی پیشین گوئی کرنی ہے فرق پر غور وفکر کیا جاتا ہے۔مثلاً ایک مکینک (Mechanic) کی حیثیت سے کامیابی اور ایک ہواباز کی حیثیت سے کامیابی کو دو جداگانہ کسوٹی مقرر کریں۔اگر درجہ بندی کے امتحان کی شرح ارتباط مکینک کی حیثیت سے کامیابی کے ساتھ 95. ہو اور ہواباز کی حیثیت سے کامیابی کے ساتھ 02. ہو تو ان دونوں شرح ارتباط کا فرق 93.(95.-02.=93) اس طور پر جب مندرجہ بالا دونوں کسوٹی کا کام میں لایا جائے تو درجہ بندی کے امتحان کا جواز 93 سمجھا جائے گا۔اس طور پر تفرقی جواز (Differential Validity) سے صرف یہی نہیں معلوم ہوتا کہ امتحان سے کس بات کی پیش گوئی ہوگی بلکہ یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس سے کسی بات کی پیش گوئی نہیں ہوگی۔

9۔تجرباتی جواز(Emperical Validity):

تجرباتی جواز کی بنیاد درحقیقت جواز کی درست تعریف پر ہے کیونکہ اس سے قبل جواز کی تعریف اور وضاحت

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

امتحان کے نتیجے کو کسی دوسرے معیاری امتحان کے نتیجے سے منسلک کیا جاتا ہے۔

10۔ عواملی جواز (Factorial Validity):

ہر امتحان متعدد حصوں میں تقسیم ہوتا ہے تاکہ ان کی معاونت سے فرد کی متعدد صلاحیتوں کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اکثر اوقات ایسا کیا جاتا ہے کہ امتحان کے ہر حصے کی پرکھ کے جو نتائج آتے ہیں ان کا باہمی ارتباط معلوم کرتے ہیں۔ اگر یہ ارتباط زیادہ ہو تو امتحان عواملی جواز کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ اکثر کثیر امتحانات کی باہمی شرح ارتباط معلوم کرتے ہیں اور اگر ممکن ہو تو عام عوامل یا اہم خصوصیات کی باہمی شرح ارتباط بھی معلوم کی جاتی ہے۔

سوال 2: جواز پر اثر انداز ہونے والے عوامل تحریر کریں۔

Q2. Write down the factors affecting validity.

یا Write down the factors affecting validity.

جواز کو متاثر کرنے والے عناصر تحریر کریں۔

جواز کو متاثر کرنے والے عوامل (Factors Affecting Validity):

جواب: اگر آزمائش کا غور سے مشاہدہ کیا جائے تو پتہ چلے گا کہ کیا معلم متعلقہ مضمون میں متعلمین کی تیاری اور مہارت کا جو ٹیسٹ لینا چاہتا ہے اس پر پورا اترتا ہے۔ درج ذیل عوامل میں سے کوئی بھی عنصر آزمائش کو مناسب طریقے سے کام کرنے سے روک سکتا ہے۔ جس سے آزمائش کے سکورز کی تشریح کمزور ہو جائے گی۔

1۔ غیر واضح ہدایات (Unclear Direction):

وہ ہدایات جن کے ذریعے متعلم صحیح طریقے سے یہ نہ سمجھ سکے کہ اس نے آزمائش کا جواب کس طرح اور کیا دینا ہے غیر واضح ہدایت ہوگی اور جواز کو متاثر کرے گی۔

Elmas Ali

2۔ پیچیدہ الفاظ اور جملوں کا استعمال:

(Use of Difficult Words and Sentences):

اگر الفاظ اور جملے پیچیدہ ہوں گے اور متعلمین کو سمجھ نہیں آئیں گے تو متعلم اسے اچھے طریقے سے نہیں پڑھ سکے گا اور یہ صورت حال متعلم کی ذہانت اور کارکردگی کو متاثر کرے گی اور ٹیسٹ نتائج بھی متاثر ہوں گے۔

3۔ ٹیسٹ آئٹم کی نامناسب سطح اور مسائل:

(Inappropriate Level and Difficulty of Test Item):

اگر ٹیسٹوں کے آئٹمز انتہائی آسان یا انتہائی مشکل ہوں گے تو متعلمین کے مابین یہ قابل اعتماد نہیں ہوں گے اور جائزیت کمزور ہو جائے گی۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

4۔کمزور ٹیسٹ آئٹم(Weak Test Item):

ایسے ٹیسٹ جو غیر ارادی طور پر جوابات کے اشارے مہیا کریں ان سے متعلم کی حاضر دماغی کے بارے میں معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس مقصد کے لیے ٹیسٹ آئٹم تیار کیے گئے تھے وہ کس حد تک حاصل ہو گئے ہیں۔

5۔مبہم(Unclear):

اگر ٹیسٹ میں دیے گئے بیانات واضح نہیں ہوں گے تو ان کا غلط معانی لیا جائے گا۔مبہم عموماً ذہین متعلمین پر بھی بُرا اثر ڈالتا ہے۔

6۔غیر ضروری ٹیسٹ(Un Important):

غیر ضروری ٹیسٹ آئٹم بھی پیمائش کیے جانے والے نتائج پر بُرا اثر ڈالتے ہیں جس کی وجہ سے جواز متاثر ہوتا ہے۔

Elmas Ali

7۔مختصر ٹیسٹ/آزمائش(Short Test):

اگر ٹیسٹ انتہائی مختصر ہوں گے تو اس کے نتائج مناسب نہ ہوں گے۔

8۔نامناسب ترتیب(Improper Arrangement of Item):

اکثر ٹیسٹ کو ترتیب دیتے وقت آسان مواد پہلے اور مشکل بعد میں ترتیب دیا جاتا ہے۔متعلمین آسان مواد کو پڑھنے میں اتنا وقت صرف کر دیتے ہیں کہ مشکل مواد کے لیے ان کے پاس وقت نہیں بچتا اس۔ بے نامناسب ترتیب متعلم کے جذبے کو کم کر دیتی ہے اور جواز (صحت) کا عمل متاثر ہوتا ہے۔

(2)

سوال3: جواز اور معتبریت میں فرق واضح کریں۔

Q3 Differentiate between validity and reliability.

جواب: جواز اور معتبریت کو ناپنے کے لیے دو مختلف معیار ہوتے ہیں۔دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں لیکن کام مل کر کرتے ہیں۔ایک ایسا ٹیسٹ بنانا جس میں مؤثر اعتمادیت نہ ہو وہ سازگار اور بہتر ثابت نہیں ہو سکتا اور نہ ہی وہ اس چیز کی پیمائش کر سکتا ہے جس کے لیے بنایا گیا تھا۔اس کے برعکس جس چیز کی پیمائش ہم چاہتے ہیں اس کی صحیح پیمائش ہونا ممکن ہے۔اعتمادیت معتبریت کے لیے اہم ہوتی ہے یعنی جواز (صحت) کے حصول کے لیے مؤثر اعتمادیت ہونی چاہیے۔دراصل اعتمادیت صحت (جواز) کی حدود قائم کرتی ہے۔اگر ٹیسٹ قابل اعتماد نہ ہو تو وہ جواز کے اصولوں پر پورا نہیں اترتا۔درحقیقت اچھی اعتمادیت پیدا کرنا اچھی صحت (جواز) کے لیے پہلا مرحلہ ہوتا ہے۔صحت (جواز) علیحدہ سے مقرر کی جاتی ہے کیونکہ ہم مستقل طور پر کسی شے کی پیمائش کرتے رہتے ہیں مختصر یہ کہ اعتمادیت پر توجہ اس وقت دی جاتی ہے جب جواز (صحت) کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 74 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 4: تعبیریت پر نوٹ لکھیں۔

Q4. Write a note on Interpretability.

تخمینی آلات کی صحت کیوں اہم ہے؟ مواد کی صحت کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات تحریر کیجئے۔ (خزاں 2016ء)

یا

جواب: تعبیریت (Interpretability):

کوئی بھی آزمائش اس وقت قابل قدر سمجھی جاتی ہے جب اس کی تعبیر آسانی اور بہتر طریقے سے کی جا سکے۔ اسی طرح آزمائش (امتحان) کی تعبیریت سے مراد اس کے ذریعے جو نمبرز حاصل کیے جائیں ان کو سمجھنا آسان اور وہ بامعانی ہوں اور ان کے ذریعے بہتر طور پر کوئی مطلب نکالا جا سکے۔

☆ نمبراتی کلید:

کسی بھی امتحان سے معانی نکالنے کے سلسلے میں پہلا قدم حاصل نمبرات کے حصول کے لیے نمبراتی کلید کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ بظاہر امتحان پر نمبرز دینا بہت آسان ہوتا ہے کیونکہ اس میں متعلمین کے غلط اور درست جوابات کی نشاندہی کر کے ان پر مقررہ اصولوں کے تحت نمبرات دیے جاتے ہیں اور پھر حاصل کردہ نمبرات کو شمار کر کے ان کا میزان (Total) معلوم کیا جاتا ہے۔ امتحانی پروگرام جس قدر وسیع پیمانے پر مرتب کیا جائے گا نمبرز دینے کا مسئلہ اسی مناسبت سے انتہائی اہم ہو جائے گا۔ اس مشکل پر قابو پانے کے لیے نمبر دینے کے متعدد فنی طریقے ایجاد کیے گئے ہیں۔ امتحان (آزمائش) اس متعلمین کے خام نمبرات (Raw Scores) جاننے کے بعد انہیں متعلمین کے تعلق سے مربوط کرنا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے عام طور پر نارمز (Norms) بہم پہنچائے جاتے ہیں۔ کچھ نارمز (Norms) ایسے ہوتے ہیں جن کی معاونت سے ایک یا مختلف عمر اور درجہ کے متعلمین میں یا دیگر اقسام کے گروہ کے متعلمین میں موازنہ کیا جا سکتا ہے۔ امتحان کے ہر حصے کے لیے نارمز (Norms) بہم پہنچانے چاہئیں تاکہ ہر حصہ کے الگ الگ نمبرات سے مطلب نکالا جا سکے۔ ایسا اس صورت میں ممکن ہوتا ہے جب ہم ایسے امتحانات کو منتخب کریں جو اعلیٰ درجہ کی تعبیریت رکھتے ہوں۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

یونٹ 7

کمرہ جماعت کے ٹیسٹ کی منصوبہ بندی اور انتظام
(Planning And Administering Class Room Test)

سوال 1: اپنی کلاس کے سالانہ امتحان کی منصوبہ بندی کے لیے آپ کون سی حکمت عملی اختیار کریں گے؟

Q1. What strategies will you adopt to plan an annual exam of your class?

جواب: ٹیسٹ کی منصوبہ بندی (Planning a Test):

کلاس روم ٹیسٹ کی تیاری اور انعقاد کے دوران اہم مقصد یہ ہوتا ہے کہ متعلم کی لرننگ اور اس کے معیار کا اندازہ کیا جا سکے۔ ٹیسٹنگ کے دوران حاصل کردہ کامیابیاں ہی حقیقی پروڈکٹ ہوتی ہے۔ ٹیسٹ کی اعتمادیت ٹیسٹ کی تیاری کے دوران ہی سامنے آ جاتی ہے اور اس کو ضرور مدنظر رکھا جاتا ہے لیکن ٹیسٹ کا بہتر انعقاد سکورنگ اور اسے مؤثر طور پر متعلمین تک پہنچانے میں بہتر ثابت ہوتا ہے۔ کلاس روم ٹیسٹ اور تخمین کے لیے چند اہم احتیاطیں کی جانی چاہئیں۔

1۔ ٹیسٹ کا مقصد واضح طور پر طے کیا جائے۔
2۔ ٹیسٹ کی حدود کا سیٹ (Set) تیار کیا جائے۔
3۔ انتہائی متعلقہ آئٹموں کی اقسام کا انتخاب کیا جائے۔
4۔ بعد میں کی جانے والی تیاریوں میں ٹیسٹ آئٹمز کو حدود کے مطابق تیار کیا جائے۔

کلاس روم ٹیسٹ تدریسی مقاصد کی پیمائش کا جائزہ بہترین یا جدید طریقہ نہیں۔ بنیادی طور پر ٹیسٹ آئٹم درکار نتائج کے نزدیک تر رکھتی ہے۔

Elmas Ali

مثال (Example):

خصوصی آزمائش کے نتائج دیے گئے ڈھانچے کی فنکشن کی شناخت کرتا ہے۔

متعلقہ ٹیسٹ آئٹمز

گردوں کا کیا کام ہے؟

غیر ضروری عناصر کو خارج کرنا۔

خون کی گردش کو بہتر بنانا۔

نظام تنفس (Respiration) کو قائم رکھنا۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 76 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

نظام انہضام کو تیز کرنا۔

کلاس روم ٹیسٹ اور تخمین درج ذیل مقاصد کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

1۔ قبل از امتحان (Pre Testing):

ٹیسٹ اور تخمین کسی بھی یونٹ یا کورس کے آغاز پر بطور ہدایت دیے جا سکتے ہیں تا کہ تعین کیا جا سکے۔

متعلم میں موجود مہارتوں کو متحرک کرنے یا ان میں آموزش کے لیے آمادگی پیدا کرنے کے لیے ہدایات ضروری ہیں۔

i) پلاننگ کردہ ہدایات کے مقاصد کو متعلم پہلے ہی کس حد تک حاصل کر چکے ہیں۔

ii) ٹیسٹوں کے مختلف استعمال اور جائزے کے دیگر طریقوں کو تین اقسام یا جماعتی جائزے میں تقسیم کیا جا سکتا

2۔ قبل از تدریس آزمائش

i) دوران تدریس آزمائش

ii) تدریس کے اختتام پر آزمائش

iii) کیونکہ اساتذہ کے تیار کردہ ٹیسٹ ان تینوں اقسام میں کارآمد ہوتے ہیں لہٰذا یہ نظام ہمیں ایسی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ جس کے ذریعے سے ہم کلاس روم ٹیسٹ پلان کرنے اور ٹیسٹ کو مقصد طرکر سکتے ہیں۔

1۔ قبل از تدریس آزمائش (Pre Testing):

کمرہ جماعت معلم کے تیار کردہ ٹیسٹ ہمیشہ پری ٹیسٹ ہوتے ہیں جو پیمائش کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

i) کیا متعلمین کسی یونٹ یا کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ٹیسٹ سے پہلے حاصل کی جانے والی صلاحیتیں چاہتے ہیں۔

ii) منصوبہ بندی کے ذریعے سے کی جانے والی ہدایات متعلمین کو کس حد تک مقاصد کے حصول میں معاونت کرتی ہیں۔

پہلے سے درکار صلاحیتوں کا اندازہ لگانے کے لیے پری ٹیسٹ (Pre-Test) کا مقصد محدود ہوتا ہے مثلاً الجبرے کا پری ٹیسٹ زیادہ تر حساب میں شماریاتی صلاحیت پر انحصار کرے گا۔ سائنس کا پری ٹیسٹ سائنس پر انحصار کرے گا۔

Elmas Ali

2۔ دوران تدریس آزمائش (During the Instruction Testing):

تشکیلی جائزہ تدریس کے دوران ایک سے زائد مواقع پر متعلمین کی کارکردگی کے متعلق معلومات مہیا کرتا ہے۔ ان معلومات کی بدولت متعلمین کے ساتھ ساتھ معلمین کو اپنی کارکردگی کو مؤثر بنانے کا موقع ملتا ہے۔ تشکیلی ٹیسٹوں کی معاونت سے طلبہ کی حقیقی تعلیمی ضروریات کا تخمینہ لگا کر ان کے لیے مدون شدہ نصاب میں مزید بہتری پیدا کی جا سکتی ہے۔ اس قسم کے ٹیسٹ میں متعلمین اور معلمین دونوں کی توجہ کسی خاص تعلیمی کام پر مرکوز کرنی ہوتی ہے تا کہ اس کو خوب سمجھ لیا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 77 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

جائے۔یعنی دوران تعلیم جائزہ لیا جاتا ہے کہ طلبہ کس طرح ترقی کر رہے ہیں اور ضرورت کے مطابق ترامیم بھی کی جاسکتی ہیں۔دورانِ تدریس درج ذیل مقاصد کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

i) تشکیلی تخمین کے لیے بنیاد فراہم کرنا۔
ii) تعلم کی بہتری کی جانچ کرنا۔
iii) متعلم اور معلم کو فیڈ بیک فراہم کرنا۔

3۔تدریس کے اختتام پر آزمائش(End of Instruction Testing):

کورس مکمل ہونے کے بعد تکمیلی آزمائشوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ان آزمائشوں کے نتائج کی بنا پر متعلمین کا اگلے تعلیمی درجے میں ترقی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ اپنی آزمائشوں سے حاصل کردہ نتائج کی بنیاد پر تدریسی عمل اور تدریسی طریقہ کار کی مؤثریت یا غیر مؤثریت کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

تدریس کے اختتام پر آزمائش کے درج ذیل مقاصد ہوتے ہیں۔

i) تدریسی حاصلات کی پیائش کرنا۔
ii) تشکیلی تخمین کے لیے استعمال کرنا۔
iii) گریڈز، پروموشن کے لیے بنیاد فراہم کرنا۔

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اکتساب کی مؤثر پیائش کے لیے آزمائش کی تیاری باقاعدہ منصوبہ بندی سے کرنی چاہیے۔اس سے یہ بات یقینی ہو جاتی ہے کہ ہماری تیار کردہ آزمائشیں تعلیمی حاصلات کی پیائش بہتر انداز میں کرے گی۔ مطلوبہ کرداری تبدیلیوں کے نمائندہ نمونہ کی پیائش کرے گی۔قابل اعتماد اور مفید معلومات فراہم کرے گی جن کی بنا پر تدریسی فیصلے کیے جاسکیں گے۔اساتذہ درست معنوں میں ان تعلیمی حاصلات کی نشاندہی کر سکیں گے۔جن میں اکتساب کی پیائش کرنا مطلوب ہے۔اکتسابی آزمائش کی منصوبہ بندی میں بہت سے عوامل کو سامنے رکھا جاتا ہے۔متعدد معلمین اور اکتسابی آزمائش کے ماہرین کا خیال ہے کہ اگر نیچے دیئے گئے خاکے کے مطابق اکتسابی آزمائشیں تیار کی جائیں تو انہیں مؤثر، قابل اعتماد اور مفید بنایا جاسکتا ہے۔

i) آزمائش کے مقاصد کا تعین کرنا۔
ii) مشمولات کا مختصر خاکہ بنانا۔
iii) تعلیمی حاصلات کی نشاندہی کرنا۔
iv) تعلیمی حاصلات کا مخصوص، قابل مشاہدہ کردار میں بیان کرنا۔
v) تفریحی جدول تیار کرنا۔
vi) تفریحی جدول کو استعمال کرنا۔
vii) آزمائش کو تیار کرنا۔
viii) آزمائش کے انعقاد کا انتظام کرنا۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

(iii) نتائج کو استعمال کرنا۔

ٹیسٹ کی حدود (Test Specification):

☆ گروہ جماعت کے ذریعے سے تدریس، مقاصد کے حصول کی پیائش ہوتی ہے۔اس کے لیے ایک سسٹم پر کام کرتے ہوئے جائز طریقہ اپنایا جاتا ہے اور مطلوبہ شعبوں میں تدریسی مقاصد کے حصول کی پیائش کی جاتی ہے۔اس کے لیے دوطرفہ چارٹ استعمال کیا جاتا ہے۔جو حدود کا ٹیبل (Table of Specification) کہلاتا ہے۔یہ چارٹ کورس مندرجات اور تدریسی مقاصد سے متعلق ہوتا ہے اور ہر قسم کے آموزشی نتائج پر کس حد تک توجہ دی جائے۔اس کی وضاحت کرتا ہے۔

حدود کے جدول کی تیاری (Building Table of Specification):

حدود کے جدول کی تیاری میں درج ذیل پوائنٹس شامل ہوتے ہیں۔

تدریسی مقاصد کی فہرست کا حصول۔

1- کورس مندرجات کا احاطہ کرنا۔

2- دوطرفہ چارٹ کی تیاری۔

3-

1۔تدریسی مقاصد کی فہرست کا حصول:

اگر تدریسی مقاصد کی فہرست اور خصوصی لرننگ نتائج پہلے سے تیار کر لیے جائیں تو باقی تدریسی مقاصد کو منتخب کیا جاسکتا ہے اور انہیں قلم پنسل کاغذ کے ساتھ پیائش کیا جاسکتا ہے۔اگر یہ فہرست دستیاب نہ ہو تو کلاس روم ٹیسٹ کے لیے تدریسی مقاصد کی فہرست تیار کی جاسکتی ہے۔

2۔کورس مندرجات کا احاطہ کرنا:

تدریسی مقاصد کی فہرست متعلمین کی پرفارمنس کی ان اقسام کی وضاحت کرتی ہے۔جن کی متعلمین سے توقع کی جاتی ہے۔ٹیسٹ کی حدود کی تیاری میں دوسرا مرحلہ کورس متن کی حد بندی کرنا ہوتا ہے۔یہ عموماً ان اہم موضوعات کی فہرست ہوتی ہے جو کورس کے دوران کور کیے جاتے ہیں۔متن حدود میں تفصیل کی مقدار ٹیسٹ کے مقصد پر منحصر ہوتی ہے۔اس کے علاوہ کور کیے جانے والے کورس کا مقصد اور استعمال ہونے والے ٹیسٹ کی قسم کی تشریح اور معیاری حوالہ جاتی ٹیسٹ مقاصد اور متن کی تفصیلی تشریح چاہتا ہے۔

3۔دوطرفہ چارٹ کی تیاری:

حدود کے ٹیبل کا آخری مرحلہ دوطرفہ چارٹ کی تیاری ہوتی ہے۔جو تدریسی مقاصد کو کورس متن کے ساتھ مربوط کرتا ہے اور ٹیسٹوں کے نمونے کی خاصیت کو واضح کرتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 79 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Table of Specifications for Social Studies Class VI

Objectives / Contents	Knowledge			Understanding			Application			%age
	LA	SA	MCQ	LA	SA	MCQ	LA	SA	MCQ	
Climate	1	2	3	1	2	3	1	2	3	25%
Resources	1	2	3	1	2	3	1	2	3	25%
Population	1	2	3	1	2	3	1	2	3	25%
Society	1	2	3	1	2	3	1	2	3	25%
Total	4	8	12	4	8	12	4	8	12	100%

LA = Long Answers

SA = Short Answers

MCQ = Multiple Choice Questions

سوال 2: معروضی ٹیسٹ کی مدات بنانے کے عمومی اصول بیان کریں۔

Q2. Describe the General Consideration in constructing objective test item.

یا معروضی اور مضمونی ٹیسٹ کی وسعت اور ضرورت واضح کریں اور دونوں کے بنانے کا طریقہ واضح کریں۔ (خزاں 2016ء)

Discuss the nature and scope of objective and essay type test. Compare general steps of construction to develope objective and essay type test.

یا معروضی اور انشائیہ طرز ٹیسٹوں کی نوعیت اور دائرہ کار تحریر کریں۔ معروضی اور انشائیہ ٹیسٹوں کی تعمیر کے مراحل کا تقابل بیان کریں۔ (خزاں 2016ء)

جواب: معروضی ٹیسٹ کی مدات بنانے کے عمومی اصول درج ذیل ہیں۔

1۔ موزوں ٹیسٹ پلاننگ کا تقاضا ہوتا ہے کہ مقاصد کو طے کرنے کے بعد تحریر کر لیا جائے۔

2۔ تحریر کردہ مقاصد کے درمیان ترجیح قائم کی جائے۔

بسا اوقات ترجیحات کا تعین ریاستی آئین میں بھی کیا گیا ہوتا ہے اور بورڈ آف ایجوکیشن بھی اس کا تعین کرتے ہیں۔ ترجیحات کے تعین سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ معاشرہ بتائے کہ طے کی گئی ترجیحات کے لیے کتنی رقم درکار ہوگی اور مقاصد کے حصول کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا۔

Elmas Ali

3۔ مقاصد کو چار حصوں میں تقسیم کرنا چاہیے۔

i) طریقہ اور پروڈکٹ کے مقاصد۔

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

(ii) فوری اور حتمی مقاصد۔
(iii) محدود مقاصد۔
(iv) وسیع مقاصد۔

☆ معروضی قسم کی آزمائشیں (Select Type Items):

آزمائش کو تیار کرنے سے قبل درج ذیل اصولوں کو مدنظر رکھنا نہایت اہم ہوتا ہے۔

ان آزمائشوں میں سوالات کی زبان کا معیار متعلمین کے عام معیار سے نسبتاً کم رکھا جائے لیکن زبان دانی کی

1- آزمائش میں متعلمین کے مطلوبہ معیار کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔
2- آزمائش میں نصابی کتب کے جملے ہو بہو درج نہیں کرنے چاہئیں۔
3- سوالات کی مہارت میں اگر کوئی سوال کسی متنازعہ بیان پر مبنی ہو تو اتھارٹی کا حوالہ ضرور دیں۔
4- اگر کوئی سوال کسی متنازعہ بیان پر مبنی ہو تو اتھارٹی کا حوالہ ضرور دیں۔
5- سوالات کو منتخب کرتے وقت یہ بات ذہن نشین رہے کہ کسی بھی سوال کے جواب کے لیے سوال کی عبارت میں کوئی پہلو پوشیدہ نہیں ہونا چاہیے۔
6- کسی ایک سوال کا دوسرے سوال کے جواب پر مربوط ہونا یا منحصر نہیں۔
7- صحیح جواب کی نشاندہی کے سوالات میں تمام درست جوابات کے لیے ترتیب مختلف ہونی چاہیے۔
8- سوالات کی عبارت میں پیچیدگی سے احتراز کیا جانا چاہیے۔
9- بیانات میں کسی قسم کا ہیر پھیر نہیں ہونا چاہیے۔
10- سوالات نفس مضمون کے ضروری حصوں پر مشتمل ہونے چاہئیں۔
سوالات میں نفس مضمون کی نمائندگی کی زیادہ سے زیادہ گنجائش ہونی چاہیے۔
سوالات میں نفس مضمون کی نمائندگی کی زیادہ سے زیادہ گنجائش ہونی چاہیے۔

معروضی امتحان کے طریقے میں درج ذیل سوالات ہو سکتے ہیں۔

Elmas Ali

1- جوڑے کے سوالات
2- کثیر الانتخابی سوالات
3- مختصر جوابی اور مکمل کرنے والے سوالات
4- درست/غلط سوالات

1- جوڑے کے سوالات (Matching Items):

جوڑے کے سوالات کے چند اصول درج ذیل ہیں۔

(i) سوالات کا سیٹ ہم جنس ہونا چاہیے یعنی اگر سیٹ میں پانچ سوالات ہیں تو وہ سب ایک ہی نوعیت کے ہونے

042-37245454
AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

مثال: کالم A کالم B سے ملائیں۔

کالم A		کالم B
1۔ ڈھلوان سطح (Inclined)	(a)	پانی کے نلکے کی ٹونٹی
2۔ لیور (Lever)	(b)	کلہاڑی سے لکڑی کاٹنا
3۔ چرخی (Pulley)	(c)	ڈرل سے لکڑی میں سوراخ کرنا
4۔ پیچ (Screw)	(d)	تختے کے ذریعے ٹرک سے سامان اتارنا
5۔ فانہ (Wedge)	(e)	بحری جہاز پر بھاری سامان لادنے کا طریقہ
	(f)	گلی میں لوہے کا کڑا چلانا

(ii) جوابات کی تعداد مسئلوں کی تعداد 3 سے زیادہ ہوتا کہ آخری جواب خود بخود حل نہ ہو سکے۔

(iii) سوالات کا سیٹ زیادہ بڑا نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) ہدایات وضاحتی ہونی چاہئیں۔

(v) سوالات اور جوابات کے مابین کوئی واضح انداز موجود نہیں ہونا چاہیے۔

2۔ کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions MCQ's):

کثیر الانتخابی سوالات کے اصول درج ذیل ہیں۔

(i) مسئلہ کی واضح تشریح ہونی چاہیے۔

(ii) سوال کے مسئلہ میں اتنا مواد ہو کہ جواب کا انتخاب کرنے کے لیے معقول جواز مہیا ہو سکے۔

(iii) مسئلے میں غیر ضروری مواد اور تفصیلات نہ ہوں۔

(iv) ممکنہ جوابات میں سے صرف ایک جواب ہی درست ہونا چاہیے۔

(v) ایسے مسئلے کو امتحان میں شامل نہ کیا جائے جو بعض اوقات گرامر کے حقائق خود بخود درست جوابات کی جانب رہنمائی کرتے ہوں۔

(vi) صوتی یا معانی مناسبت (Clang Association) والے سوالات نہیں لکھنے چاہئیں۔

(vii) تفہیم و ادراک اور حقائق کے اطلاق کی پرکھ سے تعلق رکھنے والے سوالات میں نصابی کتب کی مثالوں کی بجائے نئی مثالوں کو شامل کرنا بہتر ہوتا ہے۔

(viii) مسئلے میں صنفی جملہ کے استعمال سے پرہیز کیا جائے۔

(ix) متبادل جوابات کسی نہ کسی حوالے سے مسئلے کے بارے میں ہونے چاہئیں مثلاً

دریائے جہلم کس شہر کے پاس سے گزرتا ہے؟

(a) خیر پور (b) لاہور (c) بلوچستان (d) چناب

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اس مثال میں پہلے دونوں شہر ہیں لیکن دوسری دونوں (Options) شہر نہیں ہیں۔ بلوچستان صوبہ ہے جبکہ چناب دریا ہے۔ اس لیے اس میں صرف دو ہی جوابات ہیں جن میں سے انتخاب کرنا ہے۔ اس سوال کا بہتر انداز میں بھی پایا جا سکتا ہے۔ مثلاً

دریائے جہلم کس شہر کے پاس سے گزرتا ہے؟

(a) لاہور (b) گجرات

(c) میرپور (d) بہاولپور

3۔ مختصر جوابی اور مکمل کرنے والے سوالات: (Short Filling the Blank Questions):

مختصر جوابی اور مکمل کرنے والے سوالات کے اصول درج ذیل ہیں۔

(i) کسی بیان میں جو خالی جگہ چھوڑی جائے وہ واضح ہونی چاہیے یعنی اس جگہ صرف ایک ہی جواب کا امکان ہونا چاہیے۔ مثلاً

علامہ محمد اقبال ..... میں پیدا ہوئے۔

اس خالی جگہ کو سیالکوٹ، سنہ پیدائش ضلع اور صوبے کے نام سے پر کیا جاتا ہے۔ اس کو بہتر طریقے سے یوں لکھا جا سکتا ہے۔

"علامہ اقبال ..... شہر میں پیدا ہوئے۔"

(ii) صرف اہم الفاظ کے لیے جگہ چھوڑی جائے۔ مثلاً

ہیضہ ایک متعدی ..... ہے۔ اس کو بہتر طریقے سے یوں لکھا جا سکتا ہے۔

ہیضہ ایک ..... بیماری ہے۔

(iii) ایک بیان میں صرف ایک ہی خالی جگہ ہونی چاہیے۔

(iv) جہاں جواب عدد میں درکار ہو وہاں اکائی کی علامت کا ذکر ضرور کیا جائے یا عدد کی ایک اکائی کی جگہ خالی جگہ چھوڑ دی جائے۔ مثلاً، لاہور اور اسلام آباد کا درمیانی فاصلہ ..... ہے۔ اس کو بہتر طریقے سے یوں لکھا جا سکتا ہے۔

لاہور اور اسلام آباد کا درمیانی فاصلہ ..... کلومیٹر ہے۔

(v) بیان کی ابتداء میں خالی جگہ چھوڑنے کی بجائے بیان کے درمیان یا آخر میں خالی جگہ چھوڑی جائے۔ مثلاً

رفتار کی تبدیلی کی شرح کو ..... کہتے ہیں۔

4۔ درست/غلط سوالات (True/False Questions):

درست/غلط سوالات کی تیاری کے اصول درج ذیل ہیں۔

(i) تحریر شدہ بیان واضح طور پر غلط یا درست ہونا چاہیے۔ مثلاً پانی ایک بے رنگ مائع ہے اور تمام مائعات سے ہلکا ہوتا

AIOU LIBRARY · Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 83 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ہے۔درست/غلط اس مثال میں پہلا حصہ صحیح ہے جبکہ دوسرا حصہ غلط ہے۔اس کی بہتر صورت یوں ہوگی۔

پانی سرسوں کے تیل سے ہلکا ہوتا ہے۔(درست/غلط)

(ii) ایسے الفاظ جن سے ممکنہ جواب کی نشاندہی ممکن ہو سوال میں شامل نہ کیے جائیں۔مثلاً

پارہ ہمیشہ مائع حالت میں پایا جاتا ہے۔(درست/غلط)

اس کو بہتر طریقے سے اس طرح لکھ سکتے ہیں۔ Elmas Ali

پارہ عام درجہ حرارت پر مائع حالت میں پایا جاتا ہے۔(درست/غلط)

(iii) منفی بیانات یا دو منفی بیانات سے احتراز کرنا لازمی ہے۔مثلاً غیر ضروری سوالات کی جانچ بے لاگ نہیں ہوتی ہے۔

(غلط/درست)

اس مثال میں دو صنفی لفظ استعمال ہوئے ہیں ''غیر اور نہیں'' اس سے امتحان کنندہ پریشان ہو جاتا ہے۔

(iv) اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ کہیں طوالت جواب درست جواب کی طرف کسی اشارے کا موجب تو نہیں بن رہی۔

(v) متنازعہ فیہ بیانات کو سوالات میں استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔اگر ضروری ہو تو حوالہ ضرور دیا جائے۔مثلاً

ذہانت صرف دو اجزاء پر مبنی ہے۔(درست/غلط)

اس کی بہتر صورت یوں ہو سکتی ہے۔

تھرسٹن تھیوری کے مطابق ذہانت دو فیکٹروں پر مشتمل ہے۔(درست/غلط)

سوال 3: موضوعی ٹیسٹ کی مدات بنانے کے عمومی اصول تحریر کریں۔

Q3. Write down the general consideration in constructing essay type test items.

یا انشائیہ طرز امتحان کی بناوٹ پر نوٹ لکھیں۔

Write a note on constructing Essay Type Items.

یا موضوعی سوالات لکھنے کے اصولوں پر بحث کریں۔(خزاں 2016ء)

Discuss the rules for writing essay questions.

جواب: انشائیہ طرز امتحان کی بناوٹ (Constructing Essay Type Items):

ان امتحانات کو تیار کرنا آسان ہوتا ہے مگر سکورنگ بہت مشکل ہوتی ہے۔اس لیے ان کو بہت احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے تاکہ سکورنگ کی مشکلات کو کم سے کم کہا جا سکے۔

1۔ متعلمین کو چوائس دینے سے پرہیز کیا جائے انشائیہ طرز سوالات میں چوائس دینا آسان مشق نہیں ہوتی۔

2۔ جواب واضح طور پر متعلمین سے پوچھا جائے اور ان کو بتایا جائے کیا بحث کرنی ہے مثلاً متعلمین سے یہ نہ کہا جائے کہ ٹائم ٹیبل بنانے کے اصولوں پر بحث کریں بلکہ ان سے کہیں کہ کلاس دہم کے لیے ٹائم ٹیبل بنائیں۔

3۔ ایک انشائی طرز آئٹم کو ایک سے زائد مقاصد کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔مثلاً آپ اپنے اہم تدریسی شعبوں میں سے کسی ایک کورس ورک کے لیے تشکیلی ٹیسٹ بنانے جا رہے ہیں۔آپ کیسے آگے بڑھیں گے؟

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 84 of 154 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8602 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com
AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کورس کے اختتام سے مختلف بنانے کے لیے کون سا طریقہ اپنائیں گے؟
متوقع کارکردگی کے پہلوؤں کو متعلمین کے تخیل پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔
متعلمین سے مثالوں یا تصاویر بنانے کی توقع رکھتے ہیں تو ہدایات کو واضح کریں۔ مثلاً پھول کے مختلف
اگر آپ
حصوں کی وضاحت کریں اور جہاں ضرورت ہو تصویر بنائیں۔
سوال کے یکساں نمبرز ہوں اگر ایک سوال کو ذیلی سوالات میں تقسیم کیا گیا ہو تو تمام ذیلی سوالات کے نمبرز بھی
ہر
لکھے جائیں۔
زیادہ سے زیادہ محدود قسم کے جوابات انشائی طرز ٹیسٹوں میں شامل کیے جائیں۔ مثلاً
زیادہ پروٹین والے غذائی اجزاء کی لسٹ بنائیں۔
زیادہ ناولز کی لسٹ دے کر کہا جائے کہ ہر ایک کے مصنف کی شناخت کریں۔
(i) جدید ٹیسٹ اور مقامی طور پر بنائے گئے ٹیسٹوں میں چار اہم فرق واضح کریں۔
(ii) معیاری ٹیسٹ
(iii)

مختصر جوابات کے آئٹمز کی بناوٹ (Constructing Short Answer Items):

☆ مختصر جوابات کے آئٹم وہ ہوتے ہیں جنہیں ایک لفظ، نمبر یا تشبیہ کے ذریعے دیا جا سکے مثلاً اس شخص کا نام
بتائیں جس نے ٹیلی فون ایجاد کیا وغیرہ۔

Elias Ali

چند ہدایات:
(i) آئٹم کی وضاحت میں ایسے الفاظ استعمال کریں کہ جواب مختصر اور مکمل ہو۔
(ii) مختصر جواب کے حصول کے لیے درسی کتب کے حوالے استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔
(iii) غیر ملکی حوالہ جات کو کم سے کم استعمال کریں۔
